ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ وہ ایک نامور محقق، جلیل القدر عالم، زہد وتقویٰ سے متصف اعلیٰ عادات واخلاق کے حامل شخص تھے۔ توحید وسنت کی ترویج واشاعت اور شرک وبدعت کی بیخ کنی کیلئے ہمہ تن اور ہمہ وقت مستعد رہتے مسلک ائمہ محدثین کے دفاع کیلئے اپنی زندگی وقف کررکھی تھی۔ وہ ایک نامور محقق، اعلیٰ درجے کے مفکر، نہایت قابل مدرس اور بلند پایہ مصنف اور مناظرہ تھے۔ مولانا ندویؒ کوئی عام شخصیت کے مالک نہ تھے بلکہ ان ''دیدہ وروں'' میں شامل تھے جو چمن میں بڑی مشکل سے پیدا ہوتے ہیں۔ ان کی وفات سے جو خلا پیدا ہوا ہے، عرصہ دراز تک اس کا پر ہونا نظر نہیں آتا۔

نامور خطیب حضرت مولانا محمد شریف الہ آبادی کا انتقال پر ملال

جماعت اہل حدیث کے نامور خطیب، مقرر شیریں بیان حضرت مولانا محمد شریف الہ آبادی 10 جون بروز بدھ بعد نماز فجر انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا موصوف کا شمار جماعت اہل حدیث کے بڑے خطباء اور واعظین میں ہوتا تھا۔ اللہ نے انہیں خطابت کے جوہر سے نوازا تھا۔ الغرض مولانا مرحوم مسلک اہل حدیث کے عظیم داعی، ہر دلعزیز مبلغ اور خطیب تھے۔ مولانا مرحوم کی نماز جنازہ آپ کے استاذ گرامی مولانا عبدالرشید مجاہد آبادی نے پڑھائی۔

رئیس الجامعہ نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں دوسرے خطبہ جمعہ میں مرحوم کی دینی وتبلیغی خدمات کو سراہا اور نمازِ جمعہ کے بعد غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔ اللھم اغفر لھم وارحمھم

سیٹھی محمد ارشد کو صدمہ

بڑے بھائی اشرف عزیز کا سانحہ ارتحال

مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم کے ناظم مالیات سیٹھی محمد ارشد کے بڑے بھائی سیٹھی محمد اشرف عزیز اچانک ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کے مستقل نمازی تھے اور دینی پروگراموں میں ذوق شوق سے شرکت کیا کرتے تھے۔ یاد رہے کہ مرحوم رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے برادران لاء تھے۔ مورخہ 5 جون بروز جمعہ نماز مغرب کے بعد 8:00 بجے مرکزی جنازہ گاہ میں ان کی نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر کے لوگوں اور تاجر حضرات نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر تین جنازے اکٹھے ہونے کی وجہ سے جنازہ گاہ دومنزلہ اور وسیع ہونے کے باوجود تنگ پڑ گئی اور باہر سڑکوں پر لوگوں نے صفیں باندھ کر جنازہ میں شرکت کی۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے بڑے خشوع وخضوع اور رقت آمیز انداز سے پڑھائی۔ جس سے نماز جنازہ کے دوران اکثر لوگوں کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ نماز جنازہ سے قبل مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم کے ممتاز رہنما شیخ محمد اسحاق نے مرحوم کے بارہ میں مختصر خطاب کیا۔

پروفیسر حافظ عبدالستار حامد (وزیرآباد) کے برادر اصغر کا اندوہناک قتل

جماعت کے نامور مقرر اور عالم دین پروفیسر حافظ عبدالستار حامد (وزیرآباد) کے چھوٹے بھائی حاجی محمد رمضان کو منڈی ڈھاباں سنگھ ضلع شیخوپورہ میں رات کے وقت ان کے گھر ڈاکہ کے دوران مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے انہیں قتل کر دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ رئیس الجامعہ نے پروفیسر صاحب سے تعزیت کی اور ان کی دعائے مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔